بسم اللہ الرحمن الرحیم

تجوید کے چند اہم قاعدے

اس ورق کو تہہ کرکے اپنی قرآن میں رکھ لیجئے جس سے آپ روزآنہ تلاوت کرتے ہیں۔ وقت ضرورت قواعد کے لئے دیکھ لیا کیجئے۔

۱۔ حروف کے آواز (مخارج)

کسی حرف کا مخرج معلوم کرنا ہو تو اس کو ساکن کر کے سامنے 'اَ' لگائیں

جیسے اَبْ ، اَقْ، اَدْ، اَجْ، اَذْ، اَثْ

۱۔ ء ھ ح خ ع غ۔ حروفِ حلقی۔ حلق سے ادا ہوتے ہیں۔

۲۔ ق۔ پڑجیب کے اندرونی حصہ سے نکلتا ہے۔

۳۔ ت د ط۔نوکِ زبان اور اوپر کے دانتوں کی جڑ سے نکلتے ہیں۔

۴۔ ث ذ ظ ۔نوکِ زبان اور اوپر کے دانتوں کے کناروں سے نکلتے ہیں۔

۵۔ ز س ص ۔نوکِ زبان اور نیچے کے دانتوں کے اوپر سے نکلتے ہیں۔

۶۔ض۔زبان کے بائیں کنارے اور بائیں جانب کے اوپر کے ڈاڑھوں سے۔

۷۔ غنّہ۔ناک کی بانس سے (نّ ، مّ اور بعض نْ اور مْ میں)

۲۔ صفاتِ حروف (حروف کی خاصیت)

۱۔ک . ت۔ادائی کے وقت سانس جاری۔

۲۔خ.ق.غ.ص.ض.ط.ظ۔ موٹے اور بلند پڑھے جاتے ہیں۔

۳۔ص.ض.ط.ظ۔زیادہ موٹے اور بلند پڑھے جاتے ہیں۔

۴۔قْ.طْ.بْ.جْ.دْ. (قطب جد) قلقلہ ہوتا ہے جب وہ یہ حروف ساکن ہوں۔

۵۔ ـُو ـَا ـِی ۔ (نوحیھا) ۔مد والے حروف۔

۶۔ـَوْ ـَیْ نرم حروف۔ جیسے South کا سَوْ اور Dubai کا بَیْ۔

الف پر حرکت آئے تو ایسا ہی ہے جیسے ھمزہ پر حرکت آئے جیسے :

اَ= ءَ ؛ اِ= ءِ ؛ اُ= ءُ ؛ اْ= ءْ ؛ ا = ○

۳۔ لفظ "اَللّٰہ" پڑھنے کے قاعدے

موٹا	باریک
ـَ اللّٰہ : ھُوَ اللّٰہ ،اَللّٰہ	ـِ اللّٰہ : بِسْمِ اللّٰہ
ـُ اللّٰہ: نَصْرُ اللّٰہ	

۴۔ مد کے قاعدے

~ : ۲ حرکت یا ۴، ۵ حرکت ~ : ۶،۵ حرکت

حروفِ مقطعات :۶ حرکت

مدِ عارض : ۲، ۳، ۴، ۵، ۶ حرکت

۵۔ م کے قاعدے

مّ : غُنّہ (ناک سے ، ۲ حرکت)

پہلے لفظ کے آخر میں م ہو اور دوسرے لفظ کے شروع میں ب

تو م کو چھپانا ہوگا تَرْمِیْھِمْ بِحِجَارَةٍ

۶۔ "ر" کے قاعدے

موٹا	باریک
۱. رَ رُ رً رٌ	۱. رِ رٍ
رَحْمٰن ، رُسُل ،طَیْرًا ،غَفُوْرٌ	رِسَالَات ، بِئْرٍ
۲.ـَ رْ ـُ رْ	۲. ـِ رْ
اَکْبَرْ ، مُرْسَلْ	اِرْسَال
۳.ـَ ـْ رْ ـُ ـْ رْ	۳.ـِ ـْ رْ
صَبْرْ ، شُکْرْ	حِجْرْ ، فِکْرْ

۴۔ ایک ہی لفظ میں ـِ رْ + موٹے اور بلند حروف میں سے کوئی حرف آئے تو رْ موٹا پڑھا جائے گا جیسے۔ مِرْصَاد ، فِرْقَہ

۷۔ ن اور تنوین (ـًـٍـٌ) کے قاعدے

اگر نْ یا تنوین کے بعد

۱۔ ء ھ ح خ ع غ آئے تو نْ ـًـٍـٌ کا اظہار ہوگا۔

یَنْھَوْنَ ، مِنْ خَیْرً

۲۔ ی و م ن آئے تو ادغام ہوگا غنّہ کے ساتھ

مَنْ یَّعْمَلْ ، مِنْ وَّلِیٍّ

ل ر آئے تو ادغام ہوگا غنّہ کے بغیر

لَمْ یَکُنْ لَّہٗ ، مِنْ رَّبِّھِمْ

۳۔ ب آئے تو م سے بدلیں گے :مِنْ بَعد ، قومًا بُورًا

۴۔ کوئی اور حرف آئے تو چھپائیں گے :مِنْ شَرٍّ ، مِنْکُمْ ، کُنْتُمْ

۸۔ وقف و ابتداء

جہاں وقف کرے، سانس اور آواز کو توڑ دے۔بیچ میں ٹھہرے تو معنی کا لحاظ رکھے۔

جس لفظ پر وقف کرے یعنی ٹھہرے

۱۔ آخری حرف کو ساکن کرے جیسے۔ یوم الدِّیْنْ

۲۔ آخری حرف پر دو زبر ہوں تو ۲ حرکت سے وقف کرے۔

مَآءً = مَاءَا ، اَفْوَاجًا = اَفْوَاجَا

۳۔آخری حرف ۃ ہو تو ہْ پڑھے۔

صَلٰوةٌ = صَلٰوہ ، رَحْمَةٌ = رَحْمَہْ

۴۔ آخری حرف ہ یا ہو تو ہٗ ہو تو ہْ پڑھے۔

بِہٖ = بِہْ ، لَہٗ = لَہْ

جس لفظ سے ابتداء ہو

۱۔ شروع میں ال ہو تو اَل پڑھے ○ اَلَّذِیْ

۲۔ شروع میں ہمزہ وصلی ہو تو تیسرے حرف کی حرکت کے لحاظ سے پڑھے۔

انْصُرْ = اُنْصُر ، اضْرِبْ = اِضْرِبْ، افْتَحْ = اِفْتَحْ

اَنَا کو ہمیشہ اَنَ پڑھنا چاہئے۔

احکامِ ن ساکن (نْ) و تنوین (ـًــٍــٌ)

(1) اِظْهَار

واضح پڑھنا

ن ساکن (نْ) یا تنوین کو صاف ادا کرنا (حروف: ء ہ ع ح غ خ)

حروف	مثالیں: نون ساکن	مثالیں: تنوین
ء	مَنْ اٰمَنَ	كُلٌّ اٰمَنَ
ھـ	مَنْ هَاجَرَ	جُرُفٍ هَارٍ
ع	مِنْ عِلْم	سَمِيعٌ عَلِيمٌ
ح	فَإِنْ حَاجُّوكَ	عَلِيمًا حَكِيمًا
غ	مِنْ غِلٍّ	رَبٌّ غَفُور
خ	مِنْ خِلاَف	عَلِيمٌ خَبِيرٌ

(2) اِدْغَام

ملا نا (ساکن کو متحرک میں)

پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ھو تو تشدید لگا کر دوسرے لفظ کو ادا کرنا (حروف: **یرملون**)

اقسام	حروف	مثالیں: نون ساکن	مثالیں: تنوین
اِدْغَام مَعَ الْغُنَّه	م	مِنْ مَّالِ الله	عَذَابٌ مُّقِيم
	ن	مِنْ نِّعْمَة	يَوْمَئِذ نَّاعمة
	و	مِنْ وَّلِيٍّ	يَوْمَئِذ وَّاهِيَة
	ي	مَنْ يَّقُولُ	وَبَرْقٌ يَّجْعَلُونَ
اِدْغَام بِلَا غُنَّه	ل	مِنْ لَّدُن	يَوْمَئِذ لَّخَبِير
	ر	مِنْ رَّبِّهِم	غَفُورُ رَّحِيم

اِستثناء : –

قرآن مین چار حروف ھیں جنکے لیۓ

اِدغام نهین هوگا:

دُنْيَا، بُنْيَان، صِنْوَان، قِنْوَان

(3) اِقْلَاب

بدلنا

ن ساکن (نْ) یا تنوین کو م سے بدل کر غنّہ کے ساتھ پڑھنا (حرف: **ب**)

حروف	مثالیں: نون ساکن	مثالیں: تنوین
ب	مِنْ ۢ بَعْد	سَمِيعٌ ۢ بَصِيرَ
	الْأَنْبِيَاء	شَهِيدًاۢ بَيْنَنَا
	يَنْبَغِي	خَبِيرًاۢ بَصِيرًا
	أَنْبَاء	نُزُلاًۢ بِمَا

(4) اِخْفَاء

چھپانا

ن ساکن (نْ) یا تنوین کو چھپا کر غنّہ کے ساتھ پڑھنا (15 حروف)

حروف	مثالیں: نون ساکن	مثالیں: تنوین
ت	مَنْ تَابَ	حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا
ث	فَمَنْ ثَقُلَتْ	اَزْوَاجًا ثَلاثَة
ج	مَنْ جَآءَ	صَبْرٌ جَمِيل
د	مِنْ دَابَّة	دَكًّا دَكًّا
ذ	يُنْذِر	سِرَاعًا ذَلِك
ز	فَأَنْزَلْنَا	مُبَارَكَة زَيْتُونَة
س	مِنْ سُوء	عَابِدَات سَآئِحَات
ش	فَمَنْ شَهِدَ	غَفُورٌ شَكُور
ص	يَنْصُرْكُم	رِيحًا صَرْصَرًا
ض	مَنْضُود	قِسْمَةٌ ضِيزَى
ط	مِنْ طَيِّبَات	شَرَابًا طَهُورًا
ظ	مِنْ ظَهِير	ظِلاًّ ظَلِيلاً
ف	أَنْفَال	خَالِداً فِيهَا
ق	مِنْ قَبْلُ	ثَمَنًا قَلِيلاً
ك	مِنْكُم	رِزْقٌ كَرِيم